# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 16 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۶/دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

*************** 

## :::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ اسمبلی کے سرمائی اجلاس کا آج سے آغاز؛ اپوزیشن کا اجلاس کا دورانیہ بڑھانے کا مطالبہ۔

☆ ریاستی کابینہ کی توسیع؛ 33 کابینی جبکہ چھ مملکتی وزیر؛ مراٹھواڑہ کے چھ ارکانِ اسمبلی کا شمار۔

☆ ''ایک ملک ایک الیکشن'' پر دو بل آج لوک سبھا میں پیش کیے جائیں گے۔

☆ مشہور طبلہ نواز اُستاد ذاکر حسین کا امریکہ میں انتقال۔

اور۔۔۔☆ بارڈر-گاوسکر ٹسٹ کرکٹ سیریز کے تیسرے مقابلے میں آسٹریلیاء کی ٹیم پہلی اننگ میں 445 رنز پر آل آؤٹ۔

*************** 

اب خبریں تفصیل سے:

ریاستی اسمبلی کا سرمائی اجلاس آج سے ناگپور میں شروع ہو رہا ہے۔ اس اجلاس میں ایوان میں 20 بلوں پر بحث کی جائیگی؛ جن میں سے 14 آرڈینس ایوان کی میز پر رکھ کر بلوں میں تبدیل کر دیئے جائیں گے۔ چھ نئے بل متعارف کرائے جائیں گے۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل ایک پریس کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ پھڑنویس نے کہا کہ مختلف پارلیمانی حربوں کا استعمال کرتے ہوئے اپوزیشن کی طرف سے اٹھائے گئے تمام مسائل پر بحث کر کے ریاست اور عوام کے مفاد میں فیصلے کیے جائیں گے۔ انھوں نے کہا:

> ''ہم پرفارمنس آڈٹ یہ نشچت روپ سے ہر منتری کا کریں گے اور پرفارمنس آڈٹ میں جہاں یہ دھیان میں آئے گا کہ منتری اُچت کام نہیں کر رہے ہیں' اُس سمئے اُس منتری کا پنر وِچار کیا جائے گا۔''

وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ بیڑ ضلع میں واقعے کی تحقیقات خصوصی تحقیقاتی ٹیم کے ذریعے کی جائیگی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا کہ وہ عام لوگوں اور ریاست کی ترقی کیلئے کام کریں گے، جبکہ نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے یقین دلایا کہ اپوزیشن کو مناسب عزت دی جائیگی۔

*************** 

دریں اثناء اپوزیشن جماعتوں نے اجلاس کے موقع پر حکومت کی چائے پارٹی کا بائیکاٹ کیا۔ قانون ساز کونسل میں اپوزیشن لیڈر رامباداس دانوے' کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے' سابق اپوزیشن لیڈر وجے وڈیٹیوار' این سی پی کے لیڈر جتندر آوہاڑ نے کل ایک پریس کانفرنس میں اس مؤقف کو واضح کیا۔ اس موقع پر ان لیڈروں نے مطالبہ کیا کہ ایک سال میں بیڑ سرپنچ سمیت قتل کے 32 واقعات' پربھنی میں ناخوشگوار واقعہ' ان تمام معاملوں کی ہائیکورٹ کے موجودہ جج کی کمیٹی بنا کر جانچ کی جائے۔ دانوے نے مطالبہ کیا کہ مہایوتی حکومت میں شامل جماعتوں کو انتخابات کے دوران کسانوں اور لاڈلی بہنوں سے کیے گئے وعدوں کو فوری طور پر پورا کرنا چاہیے۔ اسی طرح اجلاس میں توسیع کی جائے۔

انھوں نے مزید کہا کہ تین تین ہفتوں اور ایک مہینے تک چلنے والا اجلاس اب پانچ دن اور چھ دن تک محدود کر دیا گیا ہے۔ اور اس میں کسی بھی طرح کی توجہ دلاؤ تحریک شامل نہیں کی گئی ہے' کوئی سوال و جواب نہیں ہے' اس طرح کی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ اور یہ ایک چھوٹا سا اجلاس کیوں نہ ہو لیکن حزبِ اختلاف کی حیثیت سے ہم نے اس حکومت کے تمام معاملات اور حیثیت کی سخت مخالفت کا فیصلہ کیا ہے۔

قانون ساز اسمبلی میں قائدِ حزبِ اختلاف کے عہدہ کو لیکر مہاوِکاس آگھاڑی میں کوئی اختلاف نہیں ہے' اس کے برعکس اسپیکر سے مطالبہ کیا گیا کہ اپوزیشن لیڈر کا عہدہ اپوزیشن کو ذہن میں رکھتے ہوئے آگھاڑی کے لیڈر کو دیا جائے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کی کابینہ میں کل توسیع کی گئی۔ گورنر سی پی رادھا کرشنن نے ناگپور میں منعقدہ تقریبِ حلف برداری میں 33 کابینی وزراء اور چھ مملکتی وزیروں کو حلف دلایا۔ بی جے پی کے چندر شیکھر باونکولے' رادھا کرشن وِکھے پاٹل' چندر کانت پاٹل' گریش مہاجن' منگل پر بھات لوڈھا' جئے کمار راول' اشوک اُوئیکے' آشیش شیلار' جئے کمار گورے' سنجے ساوکارے' آکاش پھنڈکر' سمیت سب سے زیادہ 19 وزیر' شیوسینا کے گلاب راؤ پاٹل' سنجے راٹھوڑ' اُدئے سامنت' شمبھوراج دیسائی' پرتاپ سرنائیک' بھرت گوگاولے' سمیت گیارہ وزیر' راشٹر وادی کانگریس کے حسن مشرف' دتا بھرنے' آدیتی ٹکرے' مانک راؤ کوکاٹے' نرہری جھرواڑ' مکرند جادھو سمیت دیگر نو وزراء کا شمار ہے۔ بی جے پی کی مادھوری مساڑ' راشٹر وادی کانگریس کے اندرنیل نائیک' شیوسینا کے یوگیش کدم' جبکہ آزاد امیدوار آشیش جیسوال سمیت چھ افراد نے بطورِ مملکتی وزیر حلف لیا۔

''تقریباً ساڑھے تین دہائیوں کے بعد ناگپور میں ہونے والی اس حلف برداری کی تقریب میں کچھ سابق وزراء کی سیاسی بازآبادکاری اور شیویندر سنگھ راجے بھوسلے، پنکج بھویر، نتیش رانے جیسے نئے چہروں کو شامل کرنا اس کابینہ کی توسیع کی خصوصیت ثابت ہوئی۔ نئی کابینہ میں مراٹھواڑہ کے چھ ارکان کو جگہ ملی ہے۔

گزشتہ اسمبلی اور لوک سبھا انتخابات میں شکست کے بعد قانون ساز کونسل کیلئے منتخب ہونے والی پنکجا منڈے، گزشتہ دو کابینہ میں شامل رہنے والے راشٹر وادی کانگریس پارٹی کے پرلی کے رُکنِ اسمبلی دھننجے منڈے، چھترپتی سمبھاجی نگر، اورنگ آباد مشرق سے بی جے پی کے ایم ایل اے اتل ساوے جیسے تجربہ کار وزراء سمیت اورنگ آباد مغربی حلقے کی مسلسل چوتھی بار نمائندگی کرنے والے شیوسینا کے ایم ایل اے سنجے شرساٹ، جنتور اسمبلی حلقہ سے دوسری بار جیتنے والی میگھنا بورڈیکر ساکورے، اور لاتور ضلع کے احمد پور حلقہ سے ایم ایل اے بابا صاحب پاٹل کو پہلی بار کابینہ میں جگہ ملی ہے۔

بی جے پی کے رویندر چوہان' شیوسینا کے تاناجی ساونت' دیپک کیسرکر' عبدالستار' این سی پی کے چھگن بھجبل کو عہدہ نہیں ملا ہے۔ اس کابینہ میں چار خواتین وزراء شامل ہیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریپبلکن پارٹی کے قومی صدر و وزیرِ مملکت برائے سماجی انصاف رام داس آٹھولے نے کہا کہ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کئی بار وعدہ کیا ہے کہ اس کے باوجود ریپبلکن پارٹی کو کابینہ میں جگہ نہیں دی گئی۔ انھوں نے کہا کہ اس کی وجہ سے پارٹی کارکنان سخت ناراض ہیں۔ وہ کل ممبئی میں صحافتی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔

***** ***** *****

’’ایک ملک ایک الیکشن‘‘ پر دو بل آج لوک سبھا میں پیش کیے جائیں گے۔ وزیرِ قانون ارجن رام میگھوال آئینی بل یونین ٹیریٹریز ایکٹ بل پیش کریں گے۔ سابق صدر رام ناتھ کووند کی اعلیٰ سطحی کمیٹی نے لوک سبھا اور راجیہ سبھا کیلئے ایک ملک ایک الیکشن کی تجویز پیش کی ہے۔ دریں اثناء راجیہ سبھا میں آج اور کل آئین پر خصوصی بحث ہوگی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی آئندہ 29 دسمبر کو آکاشوانی کے من کی بات پروگرام میں ملک کی عوام سے خطاب کریں گے۔ یہ پروگرام کا 117 واں حصہ ہوگا۔

***** ***** *****

معروف طبلہ نواز اُستاد ذاکر حسین 73 برس کی عمر میں امریکہ میں انتقال کر گئے۔ انھیں دل کی بیماری سے متعلق سین فرانسسکو کے ایک اسپتال میں داخل کرایا گیا تھا‘ جہاں علاج کے دوران دیررات گئے اُن کا انتقال ہوگیا۔ 9 مارچ 1951 کو ممبئی میں پیدا ہونے والے ذاکر حسین نے اپنے والد اُستاد اللہ رکھا سے طلبہ کی تعلیم حاصل کی اور 12 سال کی عمر سے اب تک چھ دہائیوں پر محیط کیریئر میں طبلے کو دنیا بھر میں ایک نیا نام دیا۔ 1988 میں حکومتِ ہند نے ذاکر حسین کو پدم شری سے نوازا‘ اس کے بعد پدم بھوشن اور اس سال پدم وِبھوشن سے سرفراز کیا۔ انھوں نے بین الاقوامی سطح پر پانچ گریمی ایوارڈز بھی جیتے ہیں۔ جن میں سے تین اس سال ملے ہیں۔

***** ***** *****

پربھنی تشدد کیس کے ملزم سومناتھ سوریہ ونشی کی کل ضلع اسپتال میں دورانِ علاج موت ہوگئی۔ ناندیڑ ڈویژن کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل آف پولس شہاجی اُماپ نے یہ اطلاع فراہم کی۔ دریں اثناء اس واقعے کے بعد ضلع اسپتال میں بھیڑ لگ گئی۔ پربھنی شہر کے ساتھ ساتھ پورنا شہر میں کشیدگی پیدا ہوگئی ہے اور پورے ضلع میں بازار اور بس خدمات معطل کر دی گئی ہے۔ رکنِ اسمبلی راہل پاٹل نے مطالبہ کیا ہے کہ سومناتھ سوریہ ونشی کی نعش کا سمبھاجی نگر میں پوسٹ مارٹم کیا جائے اور متوفی کے ورثاء کو 50 لاکھ روپئے کے ساتھ خاندان کے ایک فرد کو سرکاری نوکری دی جائے۔ وہ ضلع اسپتال کا دورہ کرنے کے بعد صحافیوں سے مخاطب تھے۔

***** ***** *****

آسٹریلیا کے گابا میں آج بھارت اور آسٹریلیا کے مابین جاری بارڈر – گاوسکر ٹیسٹ کرکٹ سیریز کے تیسرے میچ میں آسٹریلیا کی ٹیم پہلی اننگز میں 445 رنز بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔ جسپریت بمراہ نے چھ، محمد سراج نے دو، نتیش کمار ریڈی اور رویندر جڈیجہ نے ایک ایک وکٹ حاصل کیا۔ بعد ازاں بھارت نے اپنی پہلی اننگ میں آخری خبر ملنے تک تین وکٹ کے نقصان پر 27 رنز بنا لیے ہیں‘ جبکہ بارش کے وجہ سے میچ روک دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

گوا میں منعقدہ چوتھے قومی اوپن تائیکوانڈو چمپئن شپ میں بیڑ کے 15 کھلاڑیوں نے طلائی تمغے، ایک نقرئی اور ایک کانسے کا تمغہ سمیت 17 تمغے جیتے ہیں۔ یہ تمام کھلاڑی بیڑ ڈسٹرکٹ اسپورٹس کمپلیکس کے ڈاکٹر اویناش بارگجے کے تائیکوانڈو تربیتی مرکز کے کھلاڑی ہیں۔ ان مقابلوں میں ملک بھر سے 800 کھلاڑی شریک ہوئے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اسمبلی کے سرمائی اجلاس کا آج سے آغاز؛ اپوزیشن کا اجلاس کا دورانیہ بڑھانے کا مطالبہ۔

☆ ریاستی کابینہ کی توسیع؛ 33 کابینی جبکہ چھ مملکتی وزیر؛ مراٹھواڑہ کے چھ ارکانِ اسمبلی کا شمار۔

☆ ''ایک ملک ایک الیکشن'' پر دو بل آج لوک سبھا میں پیش کیے جائیں گے۔

☆ مشہور طبلہ نواز اُستاد ذاکر حسین کا امریکہ میں انتقال۔

اور۔۔۔☆ بارڈر۔گاوسکر ٹسٹ کرکٹ سیریز کے تیسرے مقابلے میں آسٹریلیاء کی ٹیم پہلی اننگ میں 445 رنز پر آل آؤٹ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****